سوال

(188) عیدین کی نماز ادا کرنے کے لیے جاتے ہوئے پڑھی جانے والی تکبیرات

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

عیدین کی نماز ادا کرنے کے لئے جاتے ہوئے جو تکبیریں پڑھی جاتی ہیں وہ حدیث کی کون سی کتاب میں ہیں با حوالہ تحریر فرمائیں؟ (سائل : مولوی محمد شفیع مسکین مدرسہ دارالسلام ملتان روڈ لاہور)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

ان تکبیروں کے لئے ملاحظہ ہو سنن دار قطنی (ج ۲ ص ۵۰) اور الفاظ یہ ہیں :

اللَّهُ أَكْبَرُ اللَّهُ أَكْبَرُ لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، وَاللَّهُ أَكْبَرُ اللَّهُ أَكْبَرُ وَلِلَّهِ الْحَمْدُ۔ اللَّهُ أَكْبَرُ، اللَّهُ أَكْبَرُ، اللَّهُ أَكْبَرُ، لَا إِلَهَ إِلَّا اللَّهُ، اللَّهُ أَكْبَرُ، اللَّهُ أَكْبَرُ، وَلِلَّهِ الْحَمْدُ۔

عمل اس حدیث پر ہے۔

حافظ ابن حجر عسقلانی نے یہ الفاظ بھی لکھے ہیں :

۱۔ اللہ اکبر اللہ اکبر اللہ اکبر کبیرا۔ (فتح الباری باب التکبیر ایام منی، ج ۲ ص ۵۸۷)

مگر زیادہ تر پہلے الفاظ مشہور اور متداول ہیں

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ محمدیہ

ج1ص549

محدث فتویٰ